SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
December 09, 2016
For immediate release

ایس ای سی پی نے ڈرافٹ کولیٹرل مینجمنٹ اینڈ ویئر ہاؤز نگ ضوابط پر عوامی آراء طلب کر لی

اسلام آباد ۹ دسمبر: ایس ای سی پی اپنے اصلاحاتی عمل کے حصے کے طور پر پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج کے پلیٹ فارم سے زرعی اجناس کی بر قیاتی خرید و فروخت کی حوصلہ افزائی کر رہا ہے۔

اسی امر کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ادارے نے کمپنیز آرڈیننس مجریہ ۲۰۱۶ کے تحت ڈرافٹ کولیٹرل مینجمنٹ اینڈ ویئر ہاؤز نگ (اسٹبلشمنٹ اینڈ آپریشنز) ضوابط وضع کئے ہیں۔ بر قیاتی تجارت اور گوداموں کی جانب سے زرعی اجناس کے لئے سرمایہ فراہم کرنے کا مقصد کسان کو فصل کی منصفانہ قیمت وصول کرنے، مالیاتی سہولیات سے استفادہ کرنے کے قابل بنانا اور ادائیگی کے مستعد نظام کی ترویج ہے۔

مسودہِ ضوابط کی نمایاں خصوصیات میں کولیٹرل مینجمنٹ کمپنی کے لئے لائسنس کی شرائط اور مالیاتی وسائل کے مقتضا، کولیٹرل مینجمنٹ کمپنی اور گودام چلانے والے کی ذمہ داریاں، اور ایس ای سی پی کا کولیٹرل مینجمنٹ کمپنی، اس کے توثیق شدہ گوداموں کا معائنہ کرنے کا اختیار اور ویئر ہاؤز نگ کے کاروبار سے جڑے کسی دیگر معاملہ کا جائزہ لینا نیز عوامی مفاد میں کولیٹرل مینجمنٹ کمپنی اور اس کے توثیق شدہ گوداموں کو ہدایات جاری کرنا شامل ہے

عوامی آراء کے حصول کے لئے ضوابط کا یہ مسودہ سرکاری جریدے میں شائع کیا جا چکا ہے اور ایس ای سی پی کی ویب سائٹ (www.secp.gov.pk) پر بھی چڑھا دیا گیا ہے۔ سٹیک ہولڈرز ۲۳ دسمبر ۲۰۱۶ تک اس حوالے سے اپنی آراء ایس ای سی پی کو ارسال کر سکتے ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254